© rasailojaraid.com



● **کتاب:** اے میرے لختِ جگر! **مرتب:** ابوعثمان ماسٹر عبدالرؤف **صفحات:** 296 **قیمت:** درج نہیں

**ملنے کا پتہ:** مکتبہ صفدریہ نزد مدینہ مسجد ماڈل ٹاؤن بی، بہاول پور

مطالعہ، انسان کی سیرت و کردار کی تعمیر میں نہایت اہم کردار ادا کرتا ہے۔ دنیا کے اندر حصولِ علم کے دو ہی مؤثر ذریعے ہیں۔ استاد اور کتاب، ان دونوں کا آپس میں رشتہ و تعلق لازوال ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے انبیاء و رُسل علیہم الصلوٰۃ والتسلیمات کو مستقل کتاب، صحیفہ اور ہدایات دے کر اپنی مخلوق کی ہدایت کے لیے بھیجا۔ جنہوں نے اُن کی اطاعت کی اور کتاب سے تعلق قائم رکھا وہ کامیاب ہو گئے۔

ابوعثمان ماسٹر عبدالرؤف صاحب نے مختلف کتب و رسائل کے مطالعے کے دوران نصیحت آموز جملوں، عبرت آموز واقعات اور اقوالِ زرّیں کو چُن لیا اور ایک استاذ کی حیثیت سے طلباء کی نصیحت کے لیے یہ پند نامہ ترتیب دیا۔ جسے مولانا جمیل الرحمٰن عباسی نے نظرِ ثانی کر کے چار چاند لگا دیے۔ مرتب کتاب نے زیادہ تر استفادہ ''روزنامہ اسلام'' اور ہفت روزہ ''ضربِ مؤمن'' میں شائع ہونے والے مضامین سے کیا ہے۔ ''اے میرے لختِ جگر'' اس لحاظ سے بھی دلچسپ کتاب ہے کہ ''لختِ جگر'' جیسی ذاتی ملکیتی اصطلاح سے منسوب ہوئی ہے۔ مرتب کا یہ پہلا ''لختِ جگر'' ہے دوسرا زیرِ طبع ہے۔ (مبصر: محمد نعمان سنجرانی)

● **الصرف الحسن مؤلف:** مفتی ابوالحسن قادری **ضخامت:** 208 صفحات **قیمت:** درج نہیں

**ناشر:** شعبہ تصنیف و تالیف، جامعہ دارالعلوم رحمانیہ ڈیرہ غازی خان۔

علم الصرف کے بارے میں ایک قول بہت ہی مشہور ہے کہ ''**الصرف اُمّ العلوم**'' جس کا مفہوم ہے کہ علم الصرف تمام علوم کی اصل (جڑ، بنیاد) ہے۔ اس علم کی اہمیت سے علماء و طلباء بخوبی واقف ہیں۔ اگر یہ بنیاد مضبوط نہ ہو تو دینی علوم پر مکمل دسترس حاصل کرنا ممکن نہیں ہے۔

علم الصرف کی تعلیم و تسہیل کے لیے بہت سی کتابیں لکھی گئی ہیں۔ ''الصرف الحسن'' بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ درحقیقت یہ مفتی ابوالحسن قادری کے ''ارشاد الصرف اور صرف کی دیگر بنیادی کتب'' کی تدریس کے دوران صرف کے ضروری قواعد و قوانین کی املا کا مجموعہ ہے جو انہوں نے مدرسہ کے مبتدی طلباء کو سہل انداز میں لکھوائے۔ سال کے آخر میں مؤلف نے املائی مسودہ مولانا نعیم اللہ (مدیر جامعہ دارالعلوم رحمانیہ ڈیرہ غازی خان) کو دکھایا تو انہوں نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ اس کو کتابی شکل میں شائع کر دیا جائے تاکہ دیگر مدارس کے مبتدی طلباء بھی اس سے استفادہ کر سکیں۔ اس کتاب کی خاص بات یہ ہے کہ مبتدی طلباء کی سہولت کے پیشِ نظر گردانوں کی ترتیب مروّجہ انداز سے ہٹ کر بنائی گئی ہے، بنائیں اور تعلیلیں مختصر اور جامع لکھ دی گئیں ہیں۔ قوانین کو بہت ہی مختصر اور عام فہم انداز میں نقشوں کی مدد سے سمجھایا گیا ہے۔ اللہ سے دعا ہے کہ ان کی تالیف کو قبولِ عام عطا فرمائے۔ (مبصر: محمد نعمان سنجرانی)



© rasailojaraid.com